FGEHA اور BOP کے MoU پر دستخط

منسٹری آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس اسلام آباد میں منعقد ہونے والی ایک تقریب میں فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) اور بینک آف پنجاب (BOP) نے ایک میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ پر دستخط کئے ۔ یہ میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ وفاقی حکومت کے ملازمین کو سستے گھروں کی فراہمی کے لئے ایک اہم قدم ہے اور بی او پی اس منصوبے میں ایک کلیدی کردار ادا کرے گا۔

اس تقریب کی صدارت ڈاکٹر عمران زیب منسٹری آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے فیڈرل سیکریٹری نے کی ۔ معاہدہ پر صدر پنجاب بینک ظفر مسعود اور ڈی جی FGEHA وسیم حیات باجوہ نے دستخط کیے۔تقریب میں جناب آصف ریاض گروپ ہیڈ ریٹیل لنڈنگ ۔ بی او پی اور جناب طاہر نعیم اختر ڈائریکٹر فنانس FGEHA نے شرکت کی۔

پاکستان کے کم آمدنی والے طبقے کو کم قیمت میں گھر فراہم کرنے کے وزیراعظم کے خواب کو پورا کرنے کے لئے وفاقی حکومت کے فنانس ونگ نے ملک بھر میں اشتہارات کے ذریعے تمام کمرشل بینکوں سے مورٹ گیج فنانسنگ کے لئے ان کی شرائط وضوابط پر مبنی تجاویز جمع کروانے کی درخواست کی ۔ جس کے نتیجے میں تقریباً تمام کمرشل بینکوں نے اپنی تجاویز جمع کروائی ۔اس سکیم کیلئے سب سے کم قیمت دینے والے بینکوں میں سے بی او پی سب سے نمایاں تھا۔

شرائط وضوابط کی قدر و قیمت کا اندازہ ایک کمیٹی نے لگایا اور تجویز کردہ ایم او یو منتخب کمرشل بینکوں کو قانونی جانچ کے لئے دیا گیا۔ سیکریڑی منسٹری آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس اور ڈائریکٹر جنرل کی رہنمائی کے ساتھ، اتھارٹی نے وفاقی حکومت کے ملازمین کی فنانشل ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مختلف کمرشل بینکوں سے فنانسنگ کے کم سے کم مارک اپ ریٹس حاصل کئے ۔

اس کے بعد FGEHA نے BOP کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کئے جس سے نہ صرف وزیراعظم کا ویژن پورا ہونے بلکہ اور گورنر SBP کی جانب سے دیئے گئے تمام اہداف پورے کرنے میں مدد ملے گی۔ مختلف ٹیئرز کے تحت تمام ہاؤسنگ / اپارٹمنٹ یونٹس پر سبسڈی والے مارک اپ ریٹس لاگو ہوں گے اور ان کی فنانشل لیمٹس ہاؤسنگ فنانس کے لئے گورنمنٹ کی مارک اپ ریٹ سبسڈی کے مطابق سٹیٹ بینک آف پاکستان کی طے کردہ ہیں ۔